سیریل نمبر

# عمومی ہدایات، معلومات و پیکجز

## معاہدہ مابین حجاج کرام و حج آرگنائزرز

**H O A P**

برائے حج 2015ء/1436 ہجری

7 حج پیکجز برائے حج 2015ء

| A | B | C | D | E | F | G |
|---|---|---|---|---|---|---|

**HAJJ ORGANIZERS ASSOCIATION OF PAKISTAN**

عمومی ہدایات، معلومات و پیکجز حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کا منظور شدہ

نام کمپنی

انرولمنٹ نمبر

کمپنی پتہ

سعودی منظّم نمبر

رابطہ

# عمومی ہدایات، معلومات و پیکجز

## معاہدہ مابین حجاج کرام و حج آرگنائزرز

برائے حج 2015ء/1436 ہجری

HAJJ ORGANIZERS ASSOCIATION of Pakistan

HOAP

عمومی ہدایات، معلومات و پیکجز حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کا منظور شدہ

# جب آپس میں کوئی معاہدہ کروتو اُس کو ضبطِ تحریر میں لاؤ (القرآن)

بلاشبہ حج مقدس اور عظیم عبادت ہے۔ جوکہ مشقت طلب ہے۔ پرائیویٹ حج سکیم کے حجاج کا انتظام پرائیویٹ حج گروپ آرگنائزر کے ذریعے ہوتا ہے۔جسمیں وزارت مذہبی امور پاکستان اورسعودی عرب کے علاوہ بہت سے اداروں کا عمل دخل ہوتا ہے، حج گروپ آرگنائزر اپنے گروپ کے تمام حجاجِ کرام کے لئے آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اپنے حاجی کے تعلقات کو شفاف رکھنے کیلیئے ضروری ہے کہ حاجی کو معلوم ہو کہ کس ادارے کی کیا ذمہ داری ہے۔تاکہ اُس کا سفر آسان ہوجائے۔ ہرادارے کی ذمہ داری اس معاہدے میں درج ذیل ہیں۔


| نمبرشمار | تفصیل | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | عمومی ہدایات ومعلومات | 3 |
| 2 | وزارتِ مذہبی امور پاکستان کی ذمہ داریاں | 4 |
| 3 | ائیرلائن کی ذمہ داریاں | 5 |
| 4 | حج آرگنائزر(HGO) کی ذمہ داریاں | 5 |
| 5 | حجاجِ کرام کی ذمہ داریاں | 6 |
| 6 | سعودی وزارتِ حج کی ذمہ داریاں | 8 |
| 7 | معلمین کی ذمہ داریاں | 9 |
| 8 | سعودی کیٹرنگ کمپنیوں کی ذمہ داریاں | 9 |
| 9 | ریفنڈ پالیسی (Refund Policy) | 10 |
| 10 | حج پیکجز | 12-18 |

# ضروری انتباہ برائے حجاج کرام پرائیویٹ حج سکیم

یہ بات قابل توجہ ہے۔کہ کسی بھی پرائیویٹ حج گروپ آرگنائزر کے ساتھ حج داخلے سے پہلے یہ تسلی کرلیں کہ وہ وزارت مذہبی امور پاکستان اور سعودی عرب کے وزارت الحج سے رجسٹرڈ شدہ ہے اور حج 2015 کیلئے اسے کوٹہ الاٹ کیا گیا ہے۔تاکہ کسی بھی غیر متعلقہ ادارے یا فرد کے دھوکہ دھی سے بچ سکیں۔اس سلسلے میں تصدیق کیلئے درجہ ذیل ذرائع سے معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں

| | | فون نمبر |
|---|---|---|
| (1 | وزارت مذہبی اُمور کا ویب سائٹ www.hajjinfo.org | 051-9207519 |
| (2 | حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن ویب سائٹ: www.hoap.org.pk | 051-2872700<br>051-2871219 |
| (3 | حاجی کیمپ پشاور | 091-9217482-83 |
| (4 | حاجی کیمپ اسلام آباد | 051-9278274-75 |
| (5 | حاجی کیمپ لاہور | 042-6375986, 6384301 |
| (6 | حاجی کیمپ ملتان | 061-9200665, 9200693 |
| (7 | حاجی کیمپ کراچی | 021-5684550, 5688307 |
| (8 | حاجی کیمپ کوئٹہ | 081-2855981: |
| ( 9 | حاجی کیمپ فیصل آباد | 041-586234, 35 |
| (10 | حاجی کیمپ سکھر | 071-5806078 |
| (11 | حاجی کیمپ سیالکوٹ | 052-6633001, 4 |

# 1) عمومی معلومات و ھدایات

1) غیر قانونی اشیاء اپنے ساتھ لے جانا ممنوع ہے۔سعودی عرب میں منشیات لے جانے کی سزا موت ہے۔خوراک کا سامان،ٹوتھ پیسٹ،صابن اورمیوہ جات وغیرہ بھی ساتھ لیجانا ممنوع ہے۔

دورانِ سفراپنے سامان کی حفاظت کرنا حاجی کی اپنی ذمہ داری ہے کوشش کریں کہ سامان تھوڑا ہو تا کہ لانے لیجانے میں دُشواری نہ ہو۔کیونکہ حاجی نے اپنا سامان خود اُٹھانا ہے۔جہاز پر سفر کیلئے سامان کا وزن، 30 کلوگرام، 7 کلو ہینڈ بیگ، اورزم زم 5 لیٹر سعودی تعلیمات کے مطابق اس سال حجاج کرام اپنے ساتھ نہیں لا سکے گا۔حج سے واپسی پر ہر حاجی/حاجن کو پاکستان میں ائیر پورٹ پر زم زم کا کین ملے گا۔اضافی سامان پر حجاجِ کرام کو اضافی رقم ادا کرنی پڑے گی اور حج فلائیٹ اکانومی کلاس کا ہوتا ہے۔

2) کسی حاجی نے اگر اپنا فلائیٹ شیڈول اپنی مرضی سے تبدیل کیا تو مدینہ منورہ روانگی ناممکن ہوگی اور مکہ مکرمہ سے ہی واپس پاکستان آنا ہوگا۔اورمزید مشکلات بھی درپیش ہوں گی۔جسکا ذمہ دار حاجی/حاجن خود ہوگا۔

3) دورانِ حج بیماری، موت یا ناگہانی حادثے کی صورت میں کمپنی مناسب رہنمائی اور مدد کرے گی، اِس سلسلے میں جملہ اخراجات حاجی صاحب خود برداشت کریگا۔اور جو حجاج کرام دورانِ حج فوت ہو جائے تو وزارتِ مذہبی امور کی جانب سے حج کی پالیسی کے تحت طے شُدہ معاوضہ جو بھی ہو حاجی کے وارث کو ملے گا۔وارث کا نام سوچ سمجھ کر دیں خدانخواستہ کسی بھی حاجی کی موت کی صورت میں میت کی واپسی ممکن نہیں لہٰذا تدفین مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ میں ہی ہوگی۔

4) دورانِ حج بلڈنگ سے منیٰ اور منیٰ سے عرفات اور عرفات سے مزدلفہ معلم حجاج کرام کو بسوں کے ذریعے پہنچائے گا۔سعودی حکومت کی تعلیمات کے مطابق معلمین کو ایک بس 100 حجاج کیلئے دی جاتی ہے۔رش زیادہ ہو تو ممکن ہے کہ پیدل جانا پڑے۔اس لئے اگر بسوں کا انتظام بروقت نہ ہو سکے تو اِس میں گروپ لیڈر ذمہ دار نہیں ہوگا۔کیونکہ بسوں کی پوری ذمہ داری اور اختیارات سعودی معلم کی ہوتی ہیں۔سعودی حکومت کی طرف سے منیٰ میں خیموں میں ہر حاجی کو سعودی تعلیمات کے مطابق 6 فٹ لمبا اور "18 انچ چوڑی جگہ ملے گی۔

5) پاسپورٹ پر سعودی ایمبیسی سے حج ویزہ لگنے کے بعد اگر حاجی اپنا حج داخلہ منسوخ کرنا چاہے تو کمپنی کیطرف سے اُس کو کوئی رقم واپس نہیں ملے گی۔ اوراگر مقررہ وقت سے پہلے منسوخ کرنا چاہے تو وزارتِ مذہبی اموراور ائیر لائن کی پالیسی کے مطابق رقم واپس ملے گی۔

6) حجاجِ کرام کیساتھ حج بکنگ کے بعد کمپنی کا پہلا رابطہ حج پر جانے کی خوشخبری۔ دوسرا رابطہ برائے تربیتِ مناسکِ حج اور ویکسی نیشن ہے۔ تیسرا رابطہ برائے پاسپورٹ، ٹکٹ و دیگر ضروری دستاویزات دینے کا ہوتا ہے۔

نوٹ: کمپنی کو مکمل واجبات ادا کرنے پر دستاویزات دی جائیں گی۔

7) (عزیزیہ، شوقیہ، خالدیہ، شیشہ، غسالہ اور رُصیفہ وغیرہ) میں مردوں اور خواتین کو رہائش الگ الگ دی جائے گی۔ بلڈنگ کے کمرے 5,6,7 افراد پر مشتمل ہونگے۔ مکہ المکرّمہ مدینہ المنورہ میں مردوں اور خواتین کی علیحدہ علیحدہ رہائش ہوگی۔ اور باتھ روم مُشترکہ اور کمروں سے باہر ہونگے۔

ہوٹل کی تصریح و تصنیف کے مطابق ہر کمرے میں مقررہ تعداد سے زیادہ بیڈ نہیں لگائے جائیں گے۔ اور نہ اِس کی اجازت ہوگی۔ (یعنی سعودی عرب حکومت کے تعلیمات کے مطابق ہر کمرے میں مقررہ تعداد کے مطابق بیڈ ہونگے)

8) حج ویزہ کیلئے پاسپورٹ وغیرہ کی **HANDLING** میں پوری احتیاط کی جاتی ہے مگر اِن کے **DAMAGE** ہونے یا گُم ہونے کی صورت میں HGO کی ذمہ داری نہیں ہوگی۔ ویزہ لگوانے میں بہت سے ٹیکنیکل معاملات ہوتے ہیں اور ویزہ لگانا یا نہ لگانا سعودی ایمبیسی کا اختیار ہے۔ ویزہ کے حصول میں تاخیر یا مشکلات کی صورت میں HGO ذمہ دار نہ ہوگا۔

## 2) وزارتِ مذہبی امور پاکستان کی ذمہ داریاں

1) حج پالیسی مرتب کرنا وزارت مذہبی امور کا اختیار ہے۔ حج سے متعلقہ تمام معاملات کی حکومت پاکستان اور سعودی عرب میں نگرانی کرنا۔

2) سعودی ایمبیسی سے حجاجِ کرام کے ویزے لگوانا۔

3) فلو ویکسی نیشن **Magnitas, Vaccination** کی فراہمی کو یقینی بنانا۔

4) حج ویزہ لگوانا، سعودی حکومت اور اداروں سے حج کے متعلقہ امور کا انتظام کرنا۔

5) سعودی عرب میں HGO کی مشکلات میں معاونت کرنا۔

6) سعودی عرب میں تمام حجاج کو میڈیکل کی سہولت دینا۔

## 3) ائیر لائن کی ذمہ داریاں

1) مختلف ائیر لائنز پاکستان سے حجاجِ کرام کی سعودی عرب روانگی اور واپسی فلائیٹ کے شیڈول طے کرتی ہیں۔ فلائیٹ کی تاخیر کی تمام تر ذمہ داری ائیر لائن کی ہے۔ ائیر لائنز حجاج کرام کے لئے **Air Tickets** صرف بذریعہ **HGO Quota Holder** جاری کرتی ہیں۔

2) حجاجِ کرام کے سامان بک کرنے کے بعد اُس کی حفاظت کرنا ائیر لائن کی ذمہ داری ہے۔ گُم ہونے کی صورت میں ائیر لائن پر **Claim** کیا جا سکتا ہے۔

## 4) HGO's کی ذمہ داریاں

1) وزارتِ مذہبی امور پاکستان کے طے شُدہ ضوابط کی پیروی کرنا۔

2) سعودی قوانین کی پاسداری کرنا، وزارتِ حج سعودیہ کی تعلیمات پر عمل کرنا۔

3) مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں حجاجِ کرام کیلئے رہائش کی بُکنگ اور مالکان کیساتھ معاملات طے کرنا۔

4) سعودی کمپنیوں کیساتھ حجاج کے کھانے کے حصول کا ایگریمنٹ کرنا۔ سعودی کمپنی سے کھانا حاصل کر کے حجاجِ کرام کو فراہم کرنا۔

5) بروقت **Bar Code** حاصل کرنا۔

6) ویزے لگوانے کیلئے پاسپورٹس حاجی کیمپ میں بروقت جمع کروانا۔

7) عمرہ اور مناسکِ حج میں اپنے گروپ کے حجاجِ کرام کی رہنمائی اور معاونت کرنا۔

8) حجاج کی روانگی ( مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ تک، مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ تک اور مکہ مکرمہ/مدینہ منورہ سے جدہ تک) میں معلم/ادلہ الاہلیہ کی معاونت کرنا۔

9) منیٰ کے خیموں میں حجاجِ کرام کے ٹھہرانے کیلئے معلم کی معاونت کرنا۔

10) منیٰ وعرفات میں حجاجِ کرام کو کھانے کی فراہمی میں معلم کی معاونت کرنا و دیگر سہولیات کیلئے معلم سے معاہدہ کرنا۔

11) 10, 11, 12 اور 13 ذوالحجہ کو رمی جمرات کیلئے سعودی ترتیب کیمطابق حجاجِ کرام کی رہنمائی اور معاونت کرنا۔

12) مکہ مکرمہ سے جدہ ائیر پورٹ روانگی میں حجاجِ کرم اور معلم کی معاونت کرنا، مدینہ منورہ سے جدہ یا مدینہ منورہ ائیر پورٹ کی روانگی کیلئے حجاجِ کرام ادلہ الاہلیہ کی معاونت کرنا۔

13) مقدس مقامات کی زیارتیں گروپ کی شکل میں کروائی جائیں گی۔جس کے دن اور وقت کا تعین کمپنی کریگا۔گروپ کیساتھ زیارتیں نہ کرنے والے کو کوئی Claim نہ دیا جائے گا۔

14) (عزیزیہ، خالدیہ، شوقیہ، شیشہ، غسالہ، رُصیفہ) قیام کے دوران حجاجِ کرام کو کھانا مُہیا کیا جائے گا۔حاجی کے کھانا استعمال نہ کرنے پر ادائیگی نہیں ہوگی۔

15) حج پر روانگی سے پہلے کمپنی ٹریننگ پروگرام کا انعقاد کریگی۔تمام حاجی صاحبان کی شرکت ہر پروگرام میں لازمی ہے۔

16) گروپ لیڈر کا رویہ حاجیوں کیساتھ مشفقانہ ہوگا۔

17) معاہدہ میں بیان کردہ سہولتیں مُہیا کرنا کمپنی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے اور سہولیات میں کمی کی صورت میں اُس سہولت کی ادائیگی حاجی کو کی جائے گی۔

18) حاجی کی بیماری کی صورت میں گروپ لیڈر تعاون کا ذمہ دار ہے۔

# 5) حجاجِ کرام کی ذمہ داریاں

1) انتہائی چھان بین کے بعد اپنی مرضی سے وزارتِ مذہبی امور کے منظور شُدہ **Quota Holder HGO** کا انتخاب کرنا۔

2) اپنی سہولت اور استطاعت کیمطابق اپنے لئے حج پیکیج کا سمجھنا اور انتخاب کرنا۔

3) **HGO** کیساتھ متفقہ پیکیج کی رقم مقررہ تاریخ تک بذریعہ پے آرڈر/ڈرافٹ ادا کرنا۔(یکم رمضان تک حاجی سے مکمل رقم وصول نہ ہونے کی صورت میں بکنگ کینسل کردی جائے گی)۔زرمبادلہ کا انتظام حجاجِ کرام خود کریں گے۔

4) مشین ریڈایبل (**Machine Readable**) پاسپورٹ جو کم ازکم **21-03-2016** تک قابلِ استعمال ہو بروقت معہ مطلوبہ دستاویزات (پاسپورٹ سائز نیلے رنگ کے تصویرے، کمپیوٹرائز شناختی کارڈ کی کاپی، بلڈ گروپ، رابطہ نمبرز، گھر کا موجودہ پتہ، وارث کا نام، وارث کی شناختی کارڈ کی کاپی، رابطہ نمبر اور وارث سے رشتہ) **HGO** کے حوالے کرنا۔

5) حج پر روانگی سے پہلے **HGO** کیطرف سے طے شُدہ تربیتی پروگرام میں جا کر مناسکِ حج کی تربیت حاصل کرنا اور حفاظتی (**Vaccination**) ویکسی نیشن لگانا۔

6) حج روانگی سے پہلے اپنی ضرورت کے مطابق ادویات حاجی کیمپ سے سیل کروانا روانگی سے قبل پاسپورٹ و ٹکٹ اور تحائف HGO کے دفتر سے وصول کرنا۔

7) ہر حاجی پر گورنمنٹ سعودیہ کے قوانین کی پابندی کرنا لازمی ہے۔

8) ہر حاجی / حاجن کا اپنے بیگ یا بکس پر اپنا پورا نام، پتہ، معلم مکتب نمبر، موبائل نمبر وغیرہ لکھنا ضروری ہے اور سامان گُم ہونے کی صورت میں خود ذمہ دار ہوگا۔

9) ہر تکلیف دہ جگہ پر ( کھانا تقسیم کرتے وقت، ہوٹل کے کمروں کے چابیاں تاخیر سے ملنے پر، بسوں کی تاخیر سے پہنچنے پر ) صبر و تحمل سے کام لینا چاہئے۔

10) آپکے سامان کا کسٹم (Custom) آپکی ذمہ داری ہے۔ کمپنی اس کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ اپنے قیمتی زیور اور نقدی کی حفاظت خود کریں چوری یا گُمشدگی کی صورت میں گروپ لیڈر کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔ HGO اخلاقی طور پر مدد کر سکتا ہے۔ لیکن کسی ہرجانے کی ذمہ داری نہیں ہوگی ۔ فلائیٹ شیڈول کیمطابق ائیر پورٹ پر جا کر بورڈنگ پاس حاصل کرنا، سامان خود بُک کروانا، امیگریشن کروانا، فلائیٹ سے پہلے احرام کی نیت کرنا / باندھنا۔ مقررہ فلائیٹ چھوٹ جانے کی صورت میں کمپنی ذمہ دار نہیں ہوگی۔ ہر قسم کے نقصان کا حاجی خود ذمہ دار ہوگا۔ مقررہ وزن سے زائد سامان کی صورت میں اضافی کرایہ حاجی خود ادا کریگا۔ فلائیٹ چھوٹ جانے کی صورت میں **No Show Charges** ادا کرنا حاجی کی ذمہ داری ہے۔ معاہدہ کے بعد حکومت / ائیر لائن کی جانب سے اخراجات میں کسی قسم کی ردو بدل کی صورت میں اضافی اخراجات حاجی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جدہ ائیر پورٹ پر امیگریشن کے بعد اپنا سامان خود چیک کروانا اور اپنے سامان کی خود حفاظت کرنا جدہ سے مکۃ المکرّمہ روانگی پر اپنا سامان بس پر رکھوانا۔ مکۃ المکرّمہ پہنچ کر اپنا سامان اپنے سامنے اُتروا کر کمرے تک لیجانا۔

11) مکۃ المکرّمہ اور مدینہ منورہ میں کسی حاجی کو اپنے عزیز و اقارب اور اقامہ ہولڈرز کو ساتھ ٹھہرانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

12) ہوٹل انٹیریئر کو نقصان پہنچانے کی صورت میں معاوضہ ادا کرنا ہوگا۔

13) ہوٹل میں لانڈری، اضافی کھانا، ( **Phone , Internet , Wifi** ) کا بل حاجی صاحبان خود ادا کریں گے۔ مدینہ منورہ / جدہ / مکہ مکرمہ روانگی کے وقت معلم اور ادلہ الاہلیہ کے دیئے گئے شیڈول کیمطابق تیار رہنا اپنا سامان اپنے سامنے بس پر رکھوانا / اتروانا اور اپنی نقدی اور سامان کی حفاظت خود کرنا حاجی کی ذمہ داری ہے۔

14) طوافِ زیارت بذمہ حجاج ہوگا۔ اِس کا انتظام کرنا HGO کیلئے ممکن نہ ہوگا۔

15) قیام مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں مناسکِ حج کے پروگرام میں حاضر ہوکر تربیت حاصل کرنا۔

16) ایامِ حج میں 8 ذوالحجہ تا 13 ذوالحجہ معلم اور HGO's کے طے شُدہ شیڈول کی پابندی کرنا۔

17) حج آرگنائزر کے دیئے گئے **Schedule** کیمطابق زیارات پر جانا۔

18) **HGO** کی طرف سے کھانے کے اوقات کی پابندی کرنا۔

19) تمام عازمین کو کمپنی / معلم کی جانب سے نقل وحرکت کا جو پروگرام دیا جائے گا اُس کی پابندی ہرصورت میں اُن پر لازم ہوگی۔

20) کسی حاجی کو مکہ مکرمہ / مدینہ منورہ علیٰحدہ جانے کی سعودی قانون کیمطابق اجازت نہیں ہے۔ اگر کوئی اِس کی خلاف ورزی کریگا تو کسی پریشانی یا نقصان کی صورت میں HGO کسی طرح کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

21) دورانِ سفر بالخصوص مشاعر کے دوران مختلف وجوہات کی بنا پر ٹرانسپورٹ کی فراہمی میں تاخیر / فنی خرابی کا امکان ہوتا ہے۔ اور پیدل بھی چلنا پڑتا ہے۔ ایسی صورت میں حاجی کمپنی کیساتھ مکمل تعاون کریگا اور بے جا تنقید نہیں کریگا۔

## 6) سعودی وزارتِ حج کی ذمہ داریاں

1) حج کے متعلق سعودی عرب میں تمام انتظامات کی نگرانی وزارتِ حج سعودی عرب کرتی ہے۔

2) جدہ اور مدینہ منورہ ائیرپورٹ پر حاجیوں کی استقبالیہ اور سامان کی **Loading -un-Loading** اور بسوں کا انتظام بذریعہ مکتب الوکلاء ہوتا ہے۔ حج گروپ آرگنائزر کا کوئی عمل دخل نہیں ہوتا۔ ایئرپورٹ پر تاخیر کا ذمہ دار **HGO** نہیں ہوگا صرف معاونت کریگا۔

3) مؤسسہ جنوب ایشیاء وزارتِ حج سعودیہ کا ذیلی ادارہ ہے جو معلمین کی نگرانی کرتا ہے منیٰ اور عرفات میں خیموں کی جگہ کا تعین کرتا ہے۔

4) مدینہ منورہ میں ادلہ الاہلیہ وزارتِ حج سعودیہ کا ذیلی ادارہ ہے جو مدینہ منورہ میں حجاجِ کرام کے پاسپورٹس **Handle** کرتا ہے۔ اور مدینہ منورہ میں حجاجِ کرام کی آمد اور مدینہ منورہ سے حجاجِ کرام کی مکہ المکرّمہ اور مدینہ منورہ سے جدہ روانگی کے انتظامات کرتا ہے۔

# 7) معلمین کی ذمہ داریاں

1) سعودی عرب میں جدہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، مکہ مکرمہ سے جدہ، مکہ(عزیزیہ،ششیہ،خالدیہ،شوقیہ، غسالہ، رُصفیہ وغیرہ) سے منیٰ سے عرفات سے مزدلفہ،منیٰ سے مکہ مکرمہ (عزیزیہ،ششیہ،خالدیہ،شوقیہ،غسالہ،رُصفیہ وغیرہ)۔ روانگی کیلئے بسوں کا انتظام کرنا معلم کی ذمہ داری ہوتی ہے۔جوکہ وزارتِ حج اور نقابہ سیارات کی ہدایات کا پابند ہوتا ہے۔ مشاعر میں ہر بس کیساتھ ایک عدد مُرشد (راستہ بتانے والا) کا تعین کرنا معلم کی ذمہ داری ہے۔کسی بھی وجہ سے ڈرائیور راستہ بھول جائے تو گروپ لیڈرز ذمہ دار نہیں ہوگا۔

2) منیٰ میں معلم کی طرف سے میٹرس / صوفہ کم بیڈ کی چوڑائی اور خیموں میں حجاج کی تعداد کا تعین سعودی وزارت حج کرتی ہے۔ ایسی مختصر جگہ پر ضبطِ نفس اور صبر کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔اور دوسروں کو جگہ دینے میں تعاون کرنا ہوگا۔

3) سعودی عرب میں حجاجِ کرام کے پاسپورٹس کی **Handling** معلم کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

4) منیٰ وعرفات میں حجاجِ کرام کو کھانا، پانی، چائے فراہم کرنا معلم کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

5) منیٰ وعرفات کے **Bathrooms** کی صفائی معلم کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

6) بجلی سے متعلقہ پنکھے **Desert Cooler, Lights** کی Maintenance معلم کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

7) حجاج کرام مکۃ المکرّمہ پہنچ کر عمرہ کرانا۔

# 8) سعودی کیٹرنگ کمپنیوں کی ذمہ داریاں

1) سعودی کیٹرنگ کمپنیاں حج آرگنائزر کیساتھ حاجیوں کو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں کھانا فراہم کرنے کا معاہدہ کرتی ہیں۔

2) وقت پر کھانا پہنچانا سعودی کیٹرنگ کمپنیوں کی ذمہ داری ہے۔تاخیر کی صورت میں حج آرگنائزر ذمہ دار نہیں ہوگا۔

3) کھانے کی مقدار اور ذائقے کی ذمہ داری سعودی کیٹرنگ کمپنیوں کی ہے۔

نوٹ: سعودی حکومت نے حج 2015 سے یہ قانون نافذ کیا کہ کوئی بھی HGO کھانا حجاج کرام کیلئے خود نہیں پکا سکتا۔اس لیے متعلقہ منظور شُدہ کیٹرینگ کمپنیوں سے کھانے کی فراہمی کے لیے لازمی معاہدہ کرنا پڑے گا۔

## 9) Refund & Cancellation Policy

1) حج درخواست جمع کرواتے وقت ہر حاجی حاجن اپنے وارث کا تعین خود کریگا جو کہ ہر قسم کا ریفنڈ کلیم کرنے اور وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

2) اگر کوئی حاجی/حاجن اپنی حج درخواست واپس لینا چاہے تو اس کی ترتیب درج ذیل ہے۔

☆ اگر واپسی 15 شعبان سے قبل ہوگی تو اس سے صرف پانچ ہزار روپے کٹوتی کر کے باقی پوری رقم واپس کی جائے گی۔

☆ اگر واپسی 10 شوال تک ہوگی تو کل دس ہزار روپے کٹوتی کر کے باقی رقم واپس کی جائے گی کیونکہ اس وقت تک تبادلہ **(Subsitution)** ممکن ہوگی۔

☆ اگر ایک مرتبہ سعودی عرب سے **Bar Code** اور **E- Number** جاری ہو جائے یا حاجی/حاجن کے پاسپورٹ پر ویزہ لگ جائے تو اس کو صرف اور صرف ایئر لائن کے ٹکٹ (اگر ٹکٹ قابلِ واپسی ہو تو) کی وہ رقم واپس ہوگی جو ائیر لائن دے گی اور اگر ٹکٹ نا قابل واپسی ہو تو اس صورت میں حاجی/ کو صرف **CHD** کی وہ رقم واپس ہوگی جو وزارت مذہبی امور **HGO** کو دے گا۔

3) کسی حاجی/حاجن کے سعودی عرب میں فوت ہونے کی صورت میں محافظ سکیم کے تحت وزارت مذہبی امور کے طے کردہ اصول پر حاجی کے وارث کو ادائیگی کی جائے گی۔

4) اگر **HGO** کسی قسم کی اضافی سہولت کے لیے حاجی/حاجن سے اضافی رقم وصول کرے گا اور وہ سہولت نہ دے پائے تو اس اضافی سہولت کی مد میں وصول شدہ رقم حاجی کو ادا کرے گا۔

5) اگر کوئی حاجی/حاجن اپنی مرضی سے فلائیٹ یا ایئر لائن اور **HGO** کی طرف سے دیا گیا شیڈول تبدیل کرے گا یا بلڈنگ یا ہوٹل میں الگ کمرہ لے گا تو اس کا کلیم کسی صورت میں قابل قبول نہ ہوگا۔ اور اس کی تبدیلی کے باعث سعودی قوانین کے تحت اگر کمپنی کو کوئی نقصان پہنچے گا تو اس کے لیے حاجی ذمہ دار ہوگا۔

# حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان سے 7 منظور شدہ پیکجز

حجاجِ کرام تمام پیکجز چیک کر سکتے ہیں لیکن حج گروپ آرگنائزر سے معلومات حاصل کرنی ہوگی کہ آپ اس میں کونسا پیکیج چلاتے ہے۔ جب حجاجِ کرام کو معلومات ہو جائے تو پھر وہ پیکیج پورے تفصیل سے پڑھے اگر پسند آئے تو اس میں داخلہ کر لے۔

اگر اضافی سہولیات لینی ہو مثلاً 2 یا 3 بیڈ کا کمرہ، شارٹ پیکیج یا کوئی اور سہولت تو اس کی رقم الگ ادا کر کے آپ کو ہر ایک پیکیج میں مل سکتا ہیں لیکن یہ حج داخلے کے وقت طے کرنا ہوگا۔

﴿نوٹ﴾ دورانِ سفر بسوں میں کمپنی کیطرف سے کوئی کھانے پینے کی سہولت نہیں ہوگی

| | | | |
|---|---|---|---|
| پیکیج | (A) | 380,000 | بمعہ ٹکٹ مستقل |
| پیکیج | (B) | 425,000 | بمعہ ٹکٹ مستقل |
| پیکیج | (C) | 425,000 | بمعہ ٹکٹ شیفٹنگ |
| پیکیج | (D) | 345,000 | بغیر ٹکٹ شیفٹنگ |
| پیکیج | (E) | 400,000 | بغیر ٹکٹ شیفٹنگ |
| پیکیج | (F) | 525,000 | بغیر ٹکٹ شیفٹنگ |
| پیکیج | (G) | 595,000 | بغیر ٹکٹ شیفٹنگ |

تمام پیکجز کی تفصیل اگلے صفحات پر موجود ہے

2014 تک ہر حج آرگنائزر اپنے پیکیج کے مطابق خود بنا تا تھا لیکن اس سال حج گروپ آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان نے حجاج کرام کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی غرض سے حج پیکیج کے لیے سفارشات مرتب کی ہیں ہر HGO اِن میں سے کوئی دو پیکیج منتخب کرسکتا ہے۔

**Specimen Packages (10**

# پیکیج نمبر : (A)

مستقل پیکیج (دورانیہ قیام 40 یوم)

**(380,000)** روپے بمعہ ٹکٹ

| نمبر شمار | مقام | سہولیات |
|---|---|---|
| 1 | مکتب نیومنیٰ | میٹرس/ صوفہ کم بیڈ، کھانا سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم۔ |
| 2 | رہائش مکہ مکرمہ عمارت مستقل | فاصلہ 1900 میٹر تک، مشترکہ کمرے (Sharing Rooms) 4 تا 8 افراد، رہائش بمطابق سعودی تعلیمات / تصریح / کروکی۔ کھانا سنگل ڈش پارسل |
| 3 | رہائش مدینہ منورہ عمارت | فاصلہ 800 میٹر، مشترکہ کمرے Sharing Rooms 4 تا 8 افراد، کھانا سنگل ڈش پارسل۔ |
| 4 | رہائش | ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ |
| 5 | ٹرانسپورٹ | جدہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، مشاعر، مکہ مکرمہ سے جدہ یا مدینہ منورہ اور مدینہ منورہ سے جدہ بذریعہ معلم بس۔ |
| 6 | تحائف | احرام / عبایہ، بیگ، پانی بوتل وغیرہ۔ |
| 7 | اضافی سہولیات عندالطلب | اضافی سہولیات مختصر پیکیج، ڈبل یا ٹرپل بیڈ، سپیشل ٹرانسپورٹ اور اس کے علاوہ سہولیات کے طلب کرنے پر اضافی چارجز وصول کیے جائیں گے۔ |
| 8 | زیارات | زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔ |

# پیکیج نمبر : (B)

مستقل پیکیج (دورانیہ قیام 40 یوم)

**(425,000)** روپے بمعہ ٹکٹ

| نمبر شمار | مقام | سہولیات |
|---|---|---|
| 1 | مکتب نیومنیٰ | میٹرس/صوفہ کم بیڈ، کھانا سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم۔ |
| 2 | رہائش مکہ مکرمہ عمارت مستقل | فاصلہ 1200 میٹر تک، مشترکہ کمرے (Sharing Rooms) 4 تا 8 افراد، رہائش بمطابق سعودی تعلیمات/تصریح/ کروکی۔ کھانا سنگل ڈش پارسل |
| 3 | رہائش مدینہ منورہ ہوٹل | مرکزیہ فاصلہ 500 میٹر، مشترکہ کمرے Sharing Rooms 4 تا 7 افراد، کھانا سنگل ڈش پارسل۔ |
| 4 | رہائش | ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ |
| 5 | ٹرانسپورٹ | جدہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، مشاعر، مکہ مکرمہ سے جدہ یا مدینہ منورہ اور مدینہ منورہ سے جدہ بذریعہ معلم بس۔ |
| 6 | تحائف | احرام/عبایہ، بیگ، پانی بوتل وغیرہ۔ |
| 7 | اضافی سہولیات عندالطلب | اضافی سہولیات مختصر پیکیج، ڈبل یا ٹرپیل بیڈ، سپیشل ٹرانسپورٹ اور ان کے علاوہ سہولیات کے طلب کرنے پر اضافی چارجز وصول کیے جائیں گے۔ |
| 8 | زیارات | زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔ |

# پیکیج نمبر : (C)

سنگل/ڈبل شیفٹنگ پیکیج (دورانیہ قیام 40 یوم)

(425,000) روپے بمعہ ٹکٹ

| نمبر شمار | مقام | سہولیات |
|---|---|---|
| 1 | مکتب نیومنیٰ | میٹرس/صوفہ کم بیڈ،کھانا سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم۔ |
| 2 | رہائش مکہ مکرمہ عمارت | رہائش 8 دن،مشترکہ کمرے (Sharing Rooms) 4 تا 8 افراد (عزیزیہ،غسالہ،شیشہ،خالدیہ،رُصیفہ،شوقیہ وغیرہ،کھانا سنگل ڈش پارسل۔ رہائش ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ |
| 3 | رہائش مکہ مکرمہ ہوٹل شیفٹنگ | فاصلہ 950 میٹر تک،مشترکہ کمرے (Sharing Rooms) 4 تا 8 افراد،کھانا بمطابق سعودی تعلیمات/تصریح/ کروکی۔ ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔سنگل ڈش پارسل رہائش |
| 4 | رہائش مدینہ منورہ | فاصلہ 900 میٹر حج سے پہلے عمارت (حج کے بعد مرکزیہ)،مشترکہ کمرے Sharing Rooms 4 تا 8 افراد،کھانا سنگل ڈش پارسل۔ ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ |
| 5 | ٹرانسپورٹ | جدہ سے مکہ مکرمہ،مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ،مشاعر،مکہ مکرمہ سے جدہ یا مدینہ منورہ اور مدینہ منورہ سے جدہ بذریعہ معلم بس۔ |
| 6 | تحائف | احرام/عبایہ،بیگ،سکارف،پانی بوتل وغیرہ۔ |
| 7 | اضافی سہولیات عندالطلب | اضافی سہولیات مختصر پیکیج،ڈبل یا ٹرپل بیڈ،سپیشل ٹرانسپورٹ اور اس کے علاوہ سہولیات کے طلب کرنے پر اضافی چارجز وصول کیے جائیں گے۔ |
| 8 | زیارات | زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔ |

# پیکیج نمبر : (D)

## سنگل/ڈبل ایڈجسٹمنٹ پیکیج (دورانیہ قیام 40 یوم)

## (345,000) روپے بغیر ٹکٹ

| نمبر شمار | مقام | سہولیات |
|---|---|---|
| 1 | مکتب منیٰ گریڈ (C) | میٹرس/صوفہ کم بیڈ، کھانا سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم۔ |
| 2 | رہائش مکہ مکرمہ عمارت ایڈجسٹمنٹ | رہائش 8 دن، مشترکہ کمرے (Sharing Rooms)، (عزیزیہ، غسالہ، شیشہ، خالدیہ، رُصیفہ، شوقیہ وغیرہ، کھانا سنگل ڈش پارسل۔ رہائش ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ |
| 3 | رہائش مکہ مکرمہ ہوٹل ایڈجسٹمنٹ | فاصلہ 850 میٹر تک، مشترکہ کمرے (Sharing Rooms) رہائش بمطابق سعودی تعلیمات/تصریح/کروکی۔ ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا سنگل ڈش پارسل |
| 4 | رہائش مدینہ منورہ | فاصلہ 800 میٹر حج سے پہلے (حج کے بعد مرکزیہ)، مشترکہ کمرے Sharing Rooms 4 تا 8 افراد۔ ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا سنگل ڈش پارسل |
| 5 | ٹرانسپورٹ | مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے جدہ یا مدینہ منورہ سے جدہ بذریعہ بس (ماڈل 2011)۔ |
| 6 | تحائف | احرام/عبایہ، بیگ، پانی بوتل وغیرہ۔ |
| 7 | عرفات | حجاج کرام کیلئے خیموں میں ائیر کولر کی سہولت ہوگی۔ |
| 8 | اضافی سہولیات عند الطلب | اضافی سہولیات مختصر پیکیج، ڈبل یا ٹرپل بیڈ، سپیشل ٹرانسپورٹ مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ اور اس کے علاوہ سہولیات کے طلب کرنے پر اضافی چارجز وصول کیے جائیں گے۔ |
| 9 | زیارات | زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔ |

# پیکیج نمبر : (E)

## ایڈجسٹمنٹ پیکیج (دورانیہ قیام 40 یوم)

## (400,000) روپے بغیر ٹکٹ

| نمبر شمار | مقام | سہولیات |
|---|---|---|
| 1 | مکتب منی گریڈ (B) | میٹرس/صوفہ کم بیڈ، کھانا سنگل ڈش پارسل بذریعہ معلم۔ |
| 2 | رہائش مکہ مکرمہ عمارت ایڈجسٹمنٹ | رہائش 8 دن، مشترکہ کمرے (Sharing Rooms)، (عزیزیہ، غسالہ، شیشہ، خالدیہ، رُصیفہ، شوقیہ وغیرہ، رہائش ہرجگہ مرداور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ دوقسم کھانا بوفہ۔ |
| 3 | رہائش مکہ مکرمہ ہوٹل ایڈجسٹمنٹ | فاصلہ 800 میٹر تک، مشترکہ کمرے (Sharing Rooms)، رہائش بمطابق سعودی تعلیمات/تصریح/ کروکی۔ ہرجگہ مرداور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا دوقسم بوفہ |
| 4 | رہائش مدینہ منورہ | فاصلہ 500 میٹر حج سے پہلے (حج کے بعد مرکزیہ)، مشترکہ کمرے Sharing Rooms 4 تا 8 افراد، ہرجگہ مرداور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا دوقسم بوفہ |
| 5 | ٹرانسپورٹ | مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے جدہ یا مدینہ منورہ سے جدہ بذریعہ بس (ماڈل 2011)۔ |
| 6 | تحائف | احرام/عبایہ، بیگ، پانی بوتل وغیرہ۔ |
| 7 | عرفات | حجاج کرام کیلئے خیموں میں ائیرکولر کی سہولت ہوگی۔ |
| 8 | اضافی سہولیات عندالطلب | اضافی سہولیات مختصر پیکیج، ڈبل یا ٹرپل بیڈ، سپیشل ٹرانسپورٹ (لیموزین) مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ اوراس کے علاوہ سہولیات کے طلب کرنے پر اضافی چارجز وصول کیے جائیں گے۔ |
| 9 | زیارات | زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔ |

# پیکیج نمبر : (F)

## ایڈجسٹمنٹ پیکیج ( مختصر دورانیہ )

## (525,000) روپے بغیر ٹکٹ

| نمبر شمار | مقام | سہولیات |
|---|---|---|
| 1 | مکتب منی گریڈ (B) | میٹرس / صوفہ کم بیڈ، دو قسم کا کھانا پارسل بذریعہ معلم۔ |
| 2 | رہائش مکہ مکرمہ عمارت ایڈجسٹمنٹ | رہائش 8 دن، 4 تا 8 افراد پر مشترکہ کمرے (Sharing Rooms )، (عزیزیہ، غسالہ، شیشہ، خالدیہ، رُصیفہ، شوقیہ وغیرہ، رہائش ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا تین قسم بوفہ۔ |
| 3 | رہائش مکہ مکرمہ ہوٹل ایڈجسٹمنٹ | فاصلہ 250 میٹر تک، چار افراد پر مشترکہ کمرے (Sharing Rooms )، رہائش بمطابق سعودی تعلیمات / تصریح / کروکی۔ ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا ہالف بورڈ |
| 4 | رہائش مدینہ منورہ | مرکزیہ 300 میٹر، 4 افراد پر مشترکہ کمرے Sharing Rooms، ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا ہالف بورڈ۔ |
| 5 | ٹرانسپورٹ | مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے جدہ یا مدینہ منورہ سے جدہ بذریعہ بس (ماڈل 2012 تا 2014) مشاعر ٹرانسپورٹ سیٹ بائے سیٹ۔ |
| 6 | تحائف | احرام / عبایہ، بیگ، پانی بوتل، ٹرالی بیگ، جائے نماز، موبائل سم، چپل بیگ وغیرہ۔ |
| 7 | عرفات | حجاج کرام کیلئے خیموں میں ائیر کولر کی سہولت ہوگی۔ |
| 8 | اضافی سہولیات عندالطلب | اضافی سہولیات دورانیہ بڑھانے، ڈبل یا ٹریپل بیڈ، سپیشل ٹرانسپورٹ (لیموزین) مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ اور اس کے علاوہ سہولیات کے طلب کرنے پر اضافی چارجز وصول کیے جائیں گے۔ |
| 9 | زیارات | زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔ |

# پیکیج نمبر : (G)

## ایڈجسٹمنٹ پیکیج ( مختصر دورانیہ )

## (595,000) روپے بغیر ٹکٹ

| نمبر شمار | مقام | سہولیات |
|---|---|---|
| 1 | مکتب منٰی گریڈ (A) | میٹرس/صوفہ کم بیڈ، کھانا بوفہ، سپیشل باتھ روم، بذریعہ معلم۔ |
| 2 | رہائش مکہ مکرمہ عمارت ایڈجسٹمنٹ | رہائش 8 دن، 4 تا 6 افراد پر مشترکہ کمرے (Sharing Rooms)، (عزیزیہ، غسالہ، ششیشہ، خالدیہ، رُصیفہ، شوقیہ وغیرہ، ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا تین قسم بوفہ۔ |
| 3 | رہائش مکہ مکرمہ ہوٹل ایڈجسٹمنٹ | فاصلہ 200 میٹر تک، چار افراد پر مشترکہ کمرے (Sharing Rooms)، رہائش بمطابق سعودی تعلیمات/تصریح/ کروکی۔ ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا ہالف بورڈ |
| 4 | رہائش مدینہ منورہ | مرکزیہ 200 میٹر، 4 افراد پر مشترکہ کمرے Sharing Rooms، ہر جگہ مرد اور خواتین کو الگ الگ رہائش دی جائے گی۔ کھانا ہالف بورڈ۔ |
| 5 | ٹرانسپورٹ | مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے جدہ یا مدینہ منورہ سے جدہ بذریعہ بس (ماڈل 2013 تا 2015)۔ ٹرانسپورٹ مشاعر سیٹ بائے سیٹ۔ |
| 6 | تحائف | احرام/عبایہ، بیگ، پانی بوتل، ٹرالی بیگ، جائے نماز، موبائل سم، چپل بیگ وغیرہ۔ |
| 7 | عرفات | حجاج کرام کیلئے خیموں میں ایئر کنڈیشنر / ائیر کولر کی سہولت ہوگی۔ |
| 8 | اضافی سہولیات عندالطلب | اضافی سہولیات دورانیہ بڑھانے، ڈبل یا ٹرپیل بیڈ، سپیشل ٹرانسپورٹ (لیموزین) مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ اور اس کے علاوہ سہولیات کے طلب کرنے پر اضافی چارجز وصول کیے جائیں گے۔ |
| 9 | زیارات | زیارات مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ۔ |

کاپی برائے HGO آفس

سیریل نمبر -------- گروپ نمبر -------- حج درخواست نمبر---------------

# اقرار نامہ

میں مسمّی ---------------- ولد/زوجہ/بنتِ ----------------------- پاسپورٹ نمبر---------------

یہ اقرار کرتا/کرتی ہوں۔کہ میں نے کمپنی ------------------------------------------------

انرولمنٹ نمبر----------- منتظم نمبر------------ کے پیکیج [ ] چالیس دن(40)/ شارٹ پیکیج [ ] دن

کا انتخاب اپنی مرضی سے کیا ہے۔عمومی ہدایات معلومات و پیکیج کو غور سے پڑھ/سُن/سمجھ لیا ہے۔اور اِن تمام شرائط سے اتفاق کرتا/کرتی ہوں۔

قیمت پیکیج-------------- اضافی سہولت: ہاں/نہیں

اضافی سہولیات کی تفصیل (------------------------------------------------------)

اضافی سہولیات کی کل رقم (-----------------)

دستخط حاجی/حاجن-------------- انگوٹھا--------------- موبائیل نمبر یا فون نمبر----------------

دستخط چیف ایگزیکٹو/نمائندہ کمپنی----------------------- کمپنی مہر

کاپی برائے حاجی/حاجن

سیریل نمبر ______ گروپ نمبر ______ حج درخواست نمبر______________

# اقرار نامہ

میں مسمّی______________ ولد/زوجہ/بنتِ____________________پاسپورٹ نمبر______________

یہ اقرار کرتا/کرتی ہوں۔کہ میں نے کمپنی ________________________________________________

انرولمنٹ نمبر__________منظّم نمبر__________ کے پیکیج ☐ چالیس دن(40)/ شارٹ پیکیج ☐ دن

کا انتخاب اپنی مرضی سے کیا ہے۔عمومی ہدایات معلومات و پیکیج کو غور سے پڑھ/سُن/سمجھ لیا ہے۔اور اِن تمام شرائط سے اتفاق کرتا/کرتی ہوں۔

قیمت پیکیج______________ اضافی سہولت: ہاں/نہیں


اضافی سہولیات کی تفصیل (________________________________________________)

اضافی سہولیات کی کل رقم (______________)

دستخط حاجی/حاجن______________ انگوٹھا______________ موبائیل نمبر یا فون نمبر______________

دستخط چیف ایگزیکٹو/نمائندہ کمپنی____________________ کمپنی مہر

# H O A P




## HAJJ ORGANIZERS ASSOCIATION OF PAKISTAN